دیکھ بھال کا بندوبست

خدمات حاصل کرنے والے نئے افراد اور اہل خاندان کے لئے اکثر پوچھے گئے سوالات

کیا میرے لئے ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ میں حصہ لینا ضروری ہے؟

اگر آپ ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ کے ساتھ فراہم کردہ صحت کی دیکھ بھال کا زیادہ جامع انتظام حاصل کرنا نہیں چاہتے تو آپ گھر اور کمیونٹی میں فراہم کردہ بنیادی خدمات (ایچ سی بی ایس) پلان سپورٹ پر غور کر سکتے ہیں۔ سی سی او بھی بنیادی ایچ سی بی ایس منصوبہ بندی میں معاونت فراہم کرے گی لیکن یہ بہت کم مربوط انتخاب ہے جس میں صحت کی نگہداشت اور دماغی صحت کی خدمات شامل نہیں ہیں۔ بنیادی ایچ سی بی ایس پلان سپورٹ کے ساتھ اپنی خدمات مربوط کرنے والے شخص سے آپ کا رابطہ محدود ہو گا۔

کیا مجھے اپنے لئے خدمات اور فراہم کار خود منتخب کرنے کی سہولت حاصل ہو گی؟

جی، ہاں آپ اپنے لئے خدمات اور فراہم کار خود منتخب کریں گے۔ سی سی او میں آپ کے کیئر مینیجر سمیت پیشہ ور افراد کی ایک ٹیم آپ کے لئے نشو و نما سے متعلق معذوری اور / یا طویل مدتی نگہداشت کی خدمات کے ساتھ آپ کی خواہشات اور ضروریات کے مطابق دیگر اقسام کی خدمات کو مربوط کرنے کے لیے کام کرے گی۔ آپ اپنے علاقے سے ایک سی سی او فراہم کار اور اپنے لئے خدمت فراہم کنندگان منتخب کر سکیں گے۔

میں کیئر مینیجمنٹ حاصل کرنے کے لئے سی سی او میں اپنا اندراج کیسے کروا سکتا ہوں؟

آپ کا او پی ڈبلیو ڈی ڈی فرنٹ ڈور رابطہ آپ کو آپ کے علاقے میں موجود سی سی اوز کے بارے میں معلومات دے گا۔ آپ کی منتخب کردہ سی سی او آپ کو اندراج میں مدد دے گی۔ آپ کو ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ اور بنیادی ایچ سی بی ایس منصوبہ میں معاونت میں سے کسی ایک کا انتخاب بھی کرنا ہو گا۔

ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ کیا ہے؟

ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ طبی نگہداشت کو منظم کرنے کا ایسا طریقہ ہے جو نشو و نما سے متعلق معذوری کی خدمات کو یکجا کرتا ہے اور مزید اختیارات، زیادہ لچک اور بہتر نتائج فراہم کرنے کے لئے صحت اور تندرستی کی خدمات کو تعاون کرتا ہے۔

ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ کیئر کوآرڈینیشن آرگنائزیشنز (سی سی اوز) کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہیں۔

سی سی او کیا ہے؟

سی سی اوز ایسی تنظیمیں ہیں جن کی تشکیل نشو و نما سے متعلق معذوری کا علاج فراہم کرنے والوں کے ذریعہ کیا گیا ہے۔ ان تنظیموں کے عملے میں کیئر مینیجرز شامل ہوتے ہیں جنہیں نشو و نما سے متعلق معذوری کے علاج کی تربیت اور تجربہ ہوتا ہے۔

کیئر مینیجر کیا ہوتا ہے؟

کیئر مینیجر ایسا فرد ہوتا ہے جو آپ کو اپنا لائف پلان بنانے میں مدد دیتا ہے۔ آپ کا کیئر مینیجر مختلف سسٹمز، بشمول آفس فار پیوپل ود ڈیولپمنٹل ڈس ایبلیٹیز (او پی ڈبلیو ڈی ڈی)، محکمہ صحت اور آفس آف مینٹل ہیلتھ، کے درمیان خدمات کو مربوط کرنے میں مدد کرکےخدمات سے متعلق آپ کی تمام ضروریات کی منصوبہ بندی کے لیے ایک مقام فراہم کرتا ہے ۔

لائف پلان کیا ہوتا ہے؟

لائف پلان سے آپ کی زندگی کے اہداف اور بدلتی ضرورتوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ آپ کا کیئر مینیجر آپ کے ساتھ کام کرتے ہوئے آپ کی خواہشات اور ضروریات کے مطابق آپ کا لائف پلان تیار کرے گا۔ آپ کے لائف پلان میں آپ کی نشو و نما سے متعلق معذوری سے وابستہ مدد اور آپ کی دیگر خدمات، مثلاً طبی، دانتوں اور دماغی صحت کی خدمات کو مربوط کرنا شامل ہو گا۔ اس پر معمول کے مطابق نظر ثانی کی جاتی ہے اور ضرورت کے مطابق اس کی تازہ کاری کی جاتی ہے۔

اگر کوئی سی سی او مجھے حاصل خدمات بدلنے یا مجھے کم خدمات فراہم کرنے کا فیصلہ کرے تو کیا ہو گا؟

سی سی او خدمات کو منظوری نہیں دیتی ہیں لہذا وہ آپ کی خدمات بشمول خود سے فراہم کردہ خدمات کو ختم یا کم نہیں کرسکیں گی۔ اپنی کیئر ٹیم سے اشتراک کے ساتھ آپ حاصل ہونے والی معاونتیں اور خدمات اپنی خواہشات اور ضروریات کے مطابق خود منتخب کریں گے۔ او پی ڈبلیو ڈی ڈی کے علاقائی دفاتر معاونتوں اور خدمات کی منظوری دینا جاری رکھیں گے۔

کیا ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ، مینیجڈ کیئر ہی کوئی شکل ہے؟

نہیں، ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ اور مینیجڈ کیئر کو غلط طور پر یکساں نہیں سمجھا جانا چاہیے۔ مینیجڈ کیئر کو او پی ڈبلیو ڈی ڈی سسٹم میں تیار ہونے میں کافی سال لگیں گے اور وہ مستقبل میں پیش کی جائے گی۔

میرے پلان تک کسے رسائی حاصل ہو گی اور میری ذاتی معلومات کس طرح محفوظ رہیں گی؟

سی سی اوز سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ طبی ریکارڈ رکھنے کے لئے ایسا الیکٹرانک سسٹم رکھیں جو آپ کی صحت کی نگہداشت میں شامل خدمات فراہم کنندگان کو مربوط رکھے اور آپ کی طبی معلومات اور لائف پلان تک آپ اور آپ کی نگہداشت کی ٹیم کو رسائی دے۔ آپ کی ذاتی طبی معلومات محفوظ رکھنے کے لئے تمام سی سی اوز پر سخت حفاظتی ضوابط کی پابندی کرنا لازم ہے۔

کیا کوئی سی سی او منتخب کرنے کے بعد میں اپنا ارادہ بدل سکتا ہوں؟

اگر آپ اپنی منتخب کردہ سی سی او کی فراہم کردہ کیئر مینیجمنٹ سے خوش نہیں ہیں تو آپ اس سی سی او میں کوئی دوسرا کیئر مینیجر منتخب کر سکتے ہیں اور / یا آپ کو حاصل خدمت کی سطح کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے علاقے میں کوئی دیگر سی سی او بھی منتخب کر سکتے ہیں۔

ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ بمقابلہ بنیادی ایچ سی بی ایس منصوبہ میں معاونت	ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ	بنیادی ایچ سی بی ایس منصوبہ میں معاونت
نگہداشت کا منصوبہ بناتا اور ہر چھ ماہ میں اس پر نظر ثانی کرتا ہے	■	■
صحت و تحفظ کی نگرانی کرتا ہے	■	■
رویہ جاتی صحت کی خدمات تک رسائی کی رابطہ کاری کرتا ہے	■	
طبی، اور دانتوں سے متعلق خدمات تک رسائی کی رابطہ کاری کرتا ہے	■	
کمیونٹی میں موجود وسائل کی شناخت کرتا ہے	■	
آپ کی خدمات کو مربوط کرنے کے لئے ٹیکنالوجی استعمال کرتا ہے	■	
آپ کے نگہداشت فراہم کنندگان کو مربوط کرتا ہے	■	
خاندانوں اور افراد کو سسٹمز کے درمیان آنے جانے کے بوجھ سے آزاد کرتا ہے	■	
مستقبل کی ضروریات کا اندازہ کرتا ہے	■	

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | Office for People With Developmental Disabilities

22219